Urdu

NOKLUS
sammen for god kvalitet

# ذیابیطس کا سالانہ چیک اپ

## ذیابیطس کے سالانہ کنٹرول کیلئے اپائنٹمنٹ بک کریں !

**نارویجن محکمہ صحت مریضانِ ذیابیطس کو سال میں کم از کم ایک مرتبہ اپنا طبی معائنہ کروانے کی ہدایت دیتا ہے۔ اس سالانہ چیک اپ کا مقصد ذیابیطس کے سبب پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص اور ان کو بڑھنے سے روکنا ہے۔ اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں کہ سالانہ کنٹرول کے علاوہ آپ کو کتنی بار چیک اپ کے لیے آنا چاہیے۔ سالانہ کنٹرول میں درج ذیل جانچ شامل ہیں :**

**خون کے ٹیسٹ:** چکنائی کی سطح ( LDL، HDL ، کل کولیسٹرول اور ٹرائگلسرائڈس )

گردوں کی کارکردگی (eGRF)

پچھلے تین ماہ میں شکر کی اوسط مقدار یعنی HbA1c

**پیشاب کے ٹیسٹ** : لحمیات۔ البومین - کریاٹنین کا تناسب (ACR)

**دیگر جانچ:**

**بلڈ پریشر**
**پیروں کا معائنہ**
**وزن**
**آنکھیں (ہر دوسرے سال)**

**اگلے اپائنٹمنٹ کا وقت :** ____________________

**آپ کا HbA1c ہدف :** ____________________

## سالانہ کنٹرول کیلئے پیشاب کا نمونہ یاد سے ساتھ لائیں !




- ترجیحاً صبح کا پہلا پیشاب، لیکن اگر یہ ممکن نہیں ہے تو، کسی بھی وقت کے پیشاب کا نمونہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- یہ تسلی کر لیں کہ اپ کو بخار یا پیشاب کی نالی میں انفیکشن نہ ہو۔
- نمونہ لینے سے پہلے 3 دن کیلیے سخت جسمانی سرگرمی سے گریز کریں۔

آپ نارویجن ڈائبیٹیس برائے ایڈلٹس میں شامل ہو کر ناروے میں ذیابیطس کے علاج میں بہتری لانے کیلئے اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں: http://www.noklus.no/Diabetesregisterforvoksne/Forpersonermeddiabetes.aspx

آپ نارویجن ڈائبیٹیس ایسوسی ایشن میں شامل ہو کر معتبر معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آپ کو ذیابیطس کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے: https://www.diabetes.no/bli-medlem/

Helsedirektoratet diabetesforbundet NOKLUS sammen for god kvalitet NORSK DIABETES REGISTER for voksne